امام صادق علیہ السلام آنلائن مدرسہ

بسم الله الرحمن الرحیم

درس:۱۹

(فصل پنجم)

توکل

طالب علم کے لئے ضروری ہے کہ وہ توکل کرے اور اپنے لئے رزق وروزی کی فکر میں نہ رہے بلکہ صبر کرے، کیونکہ علم حاصل کرنا ایک عظیم کام ہے اور اللہ تعالی نے اس میں بہت زیادہ اجر رکھا ہے۔

توکل کا یہ مطلب ہر گز نہیں کہ انسان ہاتھ پہ ہاتھ رکھ کہ بیٹھ جائے۔

تعلیم حاصل کرنا اکثر علماء کے نزدیک قرأت قرآن سے بہتر ہے اور جس نے علم حاصل کرنے میں صبر سے کام لیا تو وہ ان لذتوں کو پالیتا ہے جو دنیوی لذات سے بہت زیادہ بہتر ہوتی ہیں۔

شیخ طوسی علیہ رحمہ رات بھر جاگتے اور جب ان کے لئے کوئی مسئلہ حل ہو جاتا تو فرماتے:

این ابناء الملوك من هذه اللذّة.

بادشاہوں کے بیٹوں کو یہ لذت کہاں میسر۔